نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں جنوبی پنجاب میں کپاس کی کاشت سے متعلق جائزہ اجلاس کا انعقاد۔

لاہور: 20 مئی 2023 (   ) جنوبی پنجاب میں اب تک 36 لاکھ 63 ہزار ایکڑ سے زیادہ رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے جو مقرر کردہ ہدف کا 80 فیصد ہے۔"زیادہ کپاس اُگاؤ مہم" میں شریک تمام متعلقہ محکموں کی بہتر کوآرڈینیشن سے کپاس کی کاشت کا ہدف حاصل کرنے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں منعقدہ جنوبی پنجاب میں کپاس کی صورتحال کے جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کہی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، کمشنر ملتان ڈویژن عامر خٹک، کمشنر بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر احتشام انور، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر آصف علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی جبکہ سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید، کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن ڈاکٹر ناصر محمود بشیر سمیت جنوبی پنجاب کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اب تک بہاولپور ڈویژن میں 23 لاکھ 14 ہزار ایکڑ ہدف کے مقابل 18 لاکھ 75 ہزار ایکڑ سے زیادہ رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے۔ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں 9 لاکھ 71 ہزار ایکڑ ہدف کے مقابلہ میں 8 لاکھ 11 ہزار 665 ایکڑ رقبہ جبکہ ملتان ڈویژن میں 12 لاکھ 69 ہزار ایکڑ کے مقابل 9 لاکھ 12 ہزار 3 سو 60 ایکڑ رقبہ کپاس کے زیرِ کاشت لایا جا چکا ہے۔اس موقع پر ڈویژنل افسران نے سیکرٹری زراعت پنجاب کو نہری پانی کی دستیابی سے متعلق صورتحال سے متعلق بتایا کہ کپاس کی کاشت کے بعض علاقوں میں پانی ٹیل اینڈ تک دستیاب نہیں ہے جس کی وجہ سے دشواری کا سامنا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری آبپاشی پنجاب واصف خورشید نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں رواں سال کے دوران اینڈینٹ کینال کپیسٹی 96 ہزار کیوسک کے مقابل 74 ہزار کیوسک نہری پانی دستیاب ہے تاہم محکمہ آبپاشی بہتر منصوبہ بندی سے جنوبی پنجاب کے کاشتکاروں کو ترجیحاً پانی فراہم کر رہا ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ کپاس کی کاشت کے دوران جنوبی پنجاب کی نہروں میں پانی کی فراہمی انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ جنوبی پنجاب کپاس کے مجموعی ہدف کا 91 فیصد ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ امسال وزیر اعلیٰ پنجاب "زیادہ کپاس اُگاؤ" مہم کی خود مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے ایسے ڈویژنل افسران جو کپاس کی کاشت کا ہدف مکمل کریں گے انہیں 6 ماہ کی تنخواہ جبکہ کپاس کا پیداواری ہدف مکمل کرنے پر مزید 6 ماہ کی تنخواہ بطور بونس دینے کا اعلان کیا ہے۔ اس کے علاوہ کپاس کے پیداواری مقابلہ 24-2023 میں صوبائی سطح پر زیادہ پیداوار لینے والے کاشتکار کو 15 لاکھ جبکہ ضلعی سطح پر زیادہ پیداوار لینے والے کاشتکاروں کو 8 لاکھ روپے نقد انعامات بھی دیئے جائیں گے۔ان تمام ترغیبات کا مقصد صوبہ میں کپاس کی بحالی ہے جس سے ملک میں 3 ارب ڈالر زرِ مبادلہ کا حصول ممکن ہوگا۔ بعدازاں سیکرٹری زراعت پنجاب نے کپاس کی مینجمنٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کاشتکاروں کو اگیتی کپاس کی بہتر نگہداشت سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

☆☆☆☆